بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

ضمنی امتحان شہادۃ العالیۃ (بی اے سال دوم) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2015ء

وقت: تین گھنٹے | **پہلا پرچہ: تفسیر و اصول تفسیر** | کل نمبر: 100

نوٹ: پہلا اور آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

حصہ اول: تفسیر

سوال نمبر1 والما قال بسم اللہ ولم یقل باللہ لان التبرک والاستعانة بذکر اسمه او للفرق بین الیمین والتیمن ولم یکتب الالف علی ماهو وضع الخط لکثرة الاستعمال وطولت الباء عوضا عنها۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر اس کا ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) عبارت کی تشریح اس انداز سے کریں کہ مفہوم واضح ہو جائے۔ ۱۰

(ج) یمین اور تیمن کا معنی لکھیں اور بتائیں کہ لفظ اسم بڑھانے سے ان میں کیسے فرق ہو جائے گا؟ ۱۰

سوال نمبر2 (الف) وایاک نستعین کو ایاک نعبد سے مؤخر کرنے کی حکمت سپرد قلم کریں۔ نیز استعانت کے معنی لکھیں۔ ۸

(ب) بیضاوی کی روشنی میں بتائیں کہ طلب معونت جمیع امور میں مراد ہے یا صرف عبادت میں اور کیوں؟ ۶

(ج) ضمیر منصوب کو مکرر لایا گیا ہے اور ایاک نعبد ونستعین نہیں فرمایا اسکی کیا وجہ ہے؟ ۶

سوال نمبر3 والریب فی الاصل مصدر رابنی الشیء اذا حصل فیک الریبة وهی قلق النفس واضطرابها۔

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ صیغے لکھیں۔ ۱۰

(ب) قرآن کریم میں تو بے شمار لوگوں نے شک کیا ہے لہذا لاریب فیه کے ایسے معنی کریں کہ شک کرنے کا اعتراض ختم ہو جائے۔ ۱۰

سوال نمبر4 والظاهر من انفاق ما رزقهم اللہ صرف المال فی سبیل الخیر من الفرض او النفل ومن فسره بالزکوٰة ذکر افضل انواعه۔

(الف) انفاق کی تعریف کریں نیز بتائیں کہ مفسر نے کس قرینہ سے عام معنی (مال کو عام بھلائی کے راستوں میں خرچ کرنا) مراد لئے ہیں؟ ۱۰

(ب) تفسیری عبارت ومن فسره بالزکوٰة الخ، سوال کا جواب ہے آپ سوال وجواب بالتفصیل تحریر کریں۔ ۱۰

حصہ دوم: اصول تفسیر

سوال نمبر5 کوئی سے تین اجزاء حل کریں۔

(الف) ''تبیان'' کون سا اسم ہے؟ معنی اور باب بھی لکھیں نیز اس کے مصنف کا مختصر سا تعارف کرائیں۔ ۱۰

(ب) جہاد کے متعلق پہلی آیت کونسی نازل ہوئی؟ ۱۰

(ج) جمع قرآن کیلئے حضرت زید رضی اللہ عنہ کے انتخاب کی وجہ تحریر کریں۔ ۱۰

(د) تفسیر القرآن بالقرآن اور تفسیر القرآن بالسنة کی ایک ایک مثال سپرد قلم کریں۔ ۱۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

ضمنی امتحان شہادۃ العالیۃ (بی اے سال دوم) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2015ء

وقت: تین گھنٹے — دوسرا پرچہ: حدیث و اصول حدیث — کل نمبر: 100

نوٹ۔ دونوں حصوں میں سے کوئی دو دو سوال حل کریں۔

حصہ اول: حدیث شریف

سوال نمبر 1: قال رسول اللہ ﷺ اخنی الا سماء یوم القیامۃ عنداللہ رجل یسمی ملک الاملاک.

(الف) ترجمہ کریں خط کشیدہ کی لفظی و معنوی تشریح کریں۔ ۱۲

(ب) خط کشیدہ نام ممنوع کیوں ہے؟ ۶

(ج) درج ذیل ناموں کے معانی لکھیں اور مباح و منہی عنہ الگ الگ کریں نہی کی وجہ بھی لکھیں۔ ۱۲

جمیلہ عاصیہ شہنشاہ حزن برہ رباح یسار حارث

سوال نمبر 2: لزوال الدنیا اھون علی اللہ من قتل رجل مسلم.

(الف) ترجمہ و تشریح کریں اور پوری حدیث کی تشریح کریں۔ ۱۵

(ب) دنیا کون سا صیغہ ہے صفت اقسام میں کیا ہے اس کی تعریف کیا ہے اور وجہ تسمیہ کیا ہے؟ ۱۰

(ج) قتل ناحق کی مذمت میں کم از کم دو حدیثیں بیان کریں۔ ۵

سوال نمبر 3: قال رسول اللہ ﷺ لو ان رجلا عمل عملا فی صخرۃ لا باب لھا ولا کوۃ خرج عملہ الی الناس کائنا ما کان

(الف) ترجمہ و تشریح کریں۔ حدیث سے مقصود و مراد کیا ہے واضح کریں۔ ۱۲

(ب) خط کشیدہ کی ترکیب کریں۔ کان کا اسم و خبر متعین کریں۔ ۱۲

(ج) کوۃ کو ضبط کریں اور اس کا معنی لکھیں۔ ۶

حصہ دوم: اصول حدیث

سوال نمبر 4: غریب، عزیز، صحیح لذاتہ، منکر، معضل، معلق، متصل، معنعن، مدرج میں سے کوئی سی پانچ اصطلاحات کی تعریف اور حکم لکھیں۔ ۲۰

سوال نمبر 5: (الف) صحابی کی تعریف کریں اور مخضرمین کون ہیں، صحابی یا تابعی کوئی سے تین مخضرمین کا نام لکھیں۔ ۱۰

(ب) اسباب طعن میں سے کم از کم پانچ کو واضح کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 6: المعلل ھو الحدیث الذی اطلع فیہ علی علۃ تقدح فی صحتہ مع ان الظاھر السلامۃ منھا.

(الف) ترجمہ و تشریح کریں علت کا معنی لکھیں۔ ۸

(ب) علت معلوم کرنے کے کم از کم دو طریقے بتائیں کیا سند میں موجود علت سے متن متاثر ہوتا ہے؟ اس فن میں لکھی گئی کم از کم دو کتابیں بتائیں۔ ۱۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

ضمنی امتحان شہادۃ العالیۃ (بی اے سال دوم) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2015ء

وقت: تین گھنٹے | تیسرا پرچہ: فقہ | کل نمبر:100

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی کوئی سے تین سوال حل کریں۔

سوال نمبر1 واذاحصل الايجاب والقبول لزم البيع ولاخيار لواحد منهما الامن عيب اوعدم رؤية.

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ و تشریح کریں۔ ۱۰

(ب) خیار کی کتنی اور کونسی قسمیں ہیں؟ ہر خیار کی مدت اور من له الخيار کا تعین کرتے ہوئے اختلاف ائمہ بالدلائل لکھیں۔ ۲۰

سوال نمبر2 (الف) مضاربت کا لغوی و اصطلاحی معنی اور مشروعیت مضاربت کی وجہ تحریر کریں۔ ۱۰

(ب) صحت مضاربت کی شرائط تحریر کریں نیز بتائیں کہ خاص شہر اور خاص کاروبار کی قید لگانا مضاربت میں کیسا ہے؟ ۲۰

سوال نمبر3 ولا تصح ولاية القاضي حتى يجتمع في المولي شرائط

(الف) ولایت قضاء کی صحت کی شرائط مع وجوہ لکھیں نیز مختلف فیہ شرائط میں ائمہ مجتہدین کا موقف مع دلیل تحریر کریں۔ ۲۰

(ب) قاضی کے قاضی کی طرف لکھے جانے والے خط کی قبولیت کی صورتیں لکھیں۔ ۱۰

سوال نمبر4 ولا يجوز الهبة فيما يقسم الامحوزة مقسومة وهبة المشاع فيما لا يقسم جائزة۔

(الف) ہر دو مسئلہ کی وضاحت اور احناف و شوافع کا اختلاف مع دلائل تحریر میں لائیں۔ ۲۰

(ب) ہبہ کی مشروعیت پر نوٹ لکھیں۔ ۱۰

سوال نمبر5 فقہ حنفی میں ہدایہ کی اہمیت وافادیت پر جامع نوٹ سپرد قلم کریں۔ ۱۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

ضمنی امتحان شہادۃ العالیۃ (بی اے سال دوم) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2015ء

وقت: تین گھنٹے	پانچواں پرچہ: فلسفہ و مناظرہ	کل نمبر:100

نوٹ۔ دونوں حصوں سے کوئی دو دو سوال حل کریں۔

حصہ اول: فلسفہ

سوال نمبر1 (الف) صورت نوعیہ کی تعریف کرکے اس کے اثبات پر دلیل قائم کریں۔ ۱۵

(ب) ہیولی اور صورت ایک دوسرے کے لئے علت ہیں یا نہیں؟ مدلل بیان کریں ۱۰

سوال نمبر2 (الف) مکان، حیز طبعی اور شکل میں سے ہر ایک کی تعریف کریں۔ ۱۲

(ب) حرکت کی تعریف کرکے حرکت کی اقسام اربع تحریر کریں۔ ۱۳

سوال نمبر3 (الف) زمانہ کس چیز کا نام ہے؟ ۵

(ب) فلک بسیط ہے یا مرکب؟ مدلل بیان کریں۔ ۱۰

(ج) فلک حرکت مستقیمہ قبول کرتا ہے یا حرکت مستدیرہ؟ اپنے موقف پر دلیل قائم کریں۔ ۱۰

حصہ دوم: مناظرہ

سوال نمبر4 (الف) علم مناظرہ کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت تحریر کریں۔ ۱۲

(ب) نقل اور قیاس کی تعریف کرکے ان کے درمیان فرق واضح کریں۔ ۱۳

سوال نمبر5 (الف) تعریف حقیقی اور تعریف لفظی مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۲

(ب) دلیل اور شبہ کی تعریف کرکے ان کے درمیان فرق واضح کریں۔ ۱۳

سوال نمبر6 درج ذیل میں سے کسی پانچ کی تعریفات لکھیں۔ ۲۵

تقریب، تعلیل، علت، ملازمہ، مقدمہ، سند، نقض، معارضہ، شاہد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

ضمنی امتحان شہادۃ العالیۃ (بی اے سال دوم) برائے طلباء سال ۱۴۳۶ھ/2015ء

وقت: تین گھنٹے | چھٹا پرچہ: عربی ادب | کل نمبر:100

نوٹ: تمام سوالات حل کریں

حصہ اول: دیوان حماسہ

سوال نمبر:1 (الف) علم ادب کی تعریف، موضوع، غرض وغایت اور دیوان حماسہ کی وجہ تسمیہ لکھیں۔ ۱۰

(ب) دیوان حماسہ کی مقبولیت پر نوٹ لکھیں۔ ۱۰

سوال نمبر2 درج ذیل اشعار میں سے کسی چار کا اردو ترجمہ کریں۔ ۲۰

وانا لقوم ما نری القتل سبة ... اذا ما رأته عامر و سلول

یقرب حب الموت آجالنا لنا ... وتکرهه آجالهم وتطول

وما مات منا سید حتف انفه ... ولاطل منا حیث کان قتیل

تسیل علی حد الظبات نفوسنا ... ولست علی غیر الظبات تسیل

صفونا فلم نکدر و اخلص سرنا ... اناث اطابت حملنا و فحول

علونا الی خیر الظهور و حطنا ... لوقت الی خیر البطون نزول

سوال نمبر3 درج ذیل اشعار میں سے کسی چار کا اردو ترجمہ کریں۔ ۲۰

لکن اخو الحزم الذی لیس نازلا ... به الخطب الا وهو للقصد مبصر

فذاک قریع الدهر ما عاش حول ... اذا سد منه منخر جاش منخر

اقول للحیان وقد صفرت لهم ... وطابی ویومی ضیق الجحر معور

هما خطتا اما اسار و منة ... و اما دم و القتل بالحر اجدر

و اخری اصادی النفس عنها و انها ... لمورد حزم ان فعلت و مصدر

فرشت لها صدری فزل عن الصفا ... به جوجؤ عبل و متن مخصر

حصہ دوم: دیوان متنبی

سوال نمبر4 درج ذیل اشعار میں سے کسی چار کا اردو ترجمہ کریں۔ ۲۰

المنهبات عقولنا وقلوبنا ... وجناتهن الناهبات الناهبا

الناعمات القاتلات المحییات ... المبدیات من الدلال غرائبا

حاولن تفدیتی وخفن مراقبا ... فوضعن ایدیهن فوق ترائبا

وبسمن عن برد خشیت اذیبه ... من حر انفاسی فکنت الذائبا

یا حبذا المتحملون وحبذا ... وادلثمت به الغزالة کاعبا

کیف الرجاء من الخطوب تخلصا ... من بعد ما انشبن فی مخالبا

سوال نمبر5 (الف) دیوان متنبی کے مصنف نے نبوت کا دعوی کیا تھا یا نہیں؟ نفی کی صورت میں مدلل جواب لکھیں اور متنبی کہنے کی وجہ بھی قلمبند کریں۔ ۱۰

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ میں سے چار کی صرفی ولغوی تحقیق کریں۔ ۱۰

اعادی، الصوارم، یحیی، مستصعبات، لاورد، جیحان، یجعاب، اشقر، اجرد